# آپ کے علاج کے بارے میں فیصلے کون کرتا ہے؟

اونٹاریو کے طویل مدتی نگہداشت کے
گھروں کے رہائشیوں کے لیے معلومات

PoET

Prevention of Error-based Transfers

www.poetproject.ca

یہ کتابچہ PoET ساؤتھ ویسٹ اسپریڈ
پروجیکٹ کی عملدرآمدگی ٹیم کے ذریعہ تیار کیا گیا تھا۔
PoET پروجیکٹ کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ
مہربانی www.poetproject.ca ملاحظہ کریں

اس دستاویز کی تیاری ہیلتھ کینیڈا کے مالی تعاون سے ممکن ہو پائی ہے۔

یہ ضروری نہیں ہے کہ اس میں ظاہر کئے گئے خیالات ہیلتھ کینیڈا کے خیالات کی نمائندگی کرتے ہوں۔

# علاج کے فیصلوں سے متعلق قوانین کہاں سے آتے ہیں؟

اونٹاریو کا قانون، جسے "صحت کی نگہداشت کی رضامندی کا قانون" کہا جاتا ہے، علاج کے فیصلوں کے بارے میں رضامندی، صلاحیت، اور متبادل فیصلہ سازی سے متعلق قوانین کو طے کرتا ہے۔

صحت کی نگہداشت کی رضامندی کے قانون میں طے شدہ قوانین طویل مدتی نگہداشت کے گھروں اور پورے اونٹاریو میں لاگو ہوتے ہیں۔



# علاج کا فیصلہ کرنے میں "نااہل" ہونے کا کیا مطلب ہوتا ہے؟

کوئی فرد علاج کا فیصلہ کرنے میں نااہل اس وقت سمجھا جاتا ہے اگر اس کے اندر فیصلے سے متعلق معلومات کو سمجھنے کی صلاحیت، **اور** علاج حاصل کرنے (یا نہ حاصل کرنے) کے اثرات کا اندازہ کرنے کی صلاحیت **دونوں** موجود نہ ہوں۔

اہل سمجھے جانے کے لیے فرد میں یہ **دونوں** صلاحیتیں ہونی ضروری ہیں۔



# کون فیصلہ کرتا ہے کہ آیا میں علاج کا فیصلہ کرنے کا اہل ہوں یا نہیں؟

علاج کی تجویز کرنے والا شخص مریض کی صلاحیت کا اندازہ کرنے کے لیے ذمہ دار ہوتا ہے۔

زیادہ تر معاملات میں، آپ کا معالج وہ شخص ہوگا جو آپ کے لیے علاج کی تجویز کرے گا۔ کچھ معاملات میں معالج اندازہ کرنے کے لیے کسی اور نگہداشت صحت فراہم کنندہ جیسے کسی نرس پر انحصار کر سکتا ہے۔



# مجھے بتایا گیا ہے کہ مجھے علاج کا فیصلہ کرنے میں نااہل پایا گیا ہے۔ میں کیا کر سکتا ہوں؟

آپ اونٹاریو کی رضامندی اور صلاحیت کے بورڈ میں "فارم A" کو مکمل کرکے اس نتیجے کے خلاف اپیل کر سکتے ہیں۔

رضامندی اور صلاحیت کے بورڈ کے رابطے کی معلومات اس کتابچے کے آخر میں شامل کی گئی ہے۔

آپ اپنے گھر میں اپنے معالج یا عملہ سے اس فارم کو مکمل کرنے میں مدد کے لیے کہہ سکتے ہیں۔



# اگر میں طویل مدتی نگہداشت کے گھر میں رہتا ہوں تو کیا میں تب بھی اپنے علاج کے فیصلے کر سکتا ہوں؟

آپ اپنے ذاتی علاج کے فیصلے تب تک کر سکتے ہیں جب تک آپ کو ایسا کرنے کے لیے اہل سمجھا جاتا ہے۔

آپ کے رہنے کی جگہ سے یہ طے نہیں ہوتا ہے کہ آپ علاج کے کون سے فیصلے کر سکتے ہیں۔



# مجھے طویل مدتی نگہداشت میں داخل کیے جانے کا فیصلہ کرنے میں نااہل پایا گیا تھا؛ کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ میں علاج کا فیصلہ کرنے میں نااہل ہوں؟

نہیں۔

صلاحیت **فیصلے سے مخصوص** ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اگرچہ آپ کوئی ایک فیصلہ کرنے میں نااہل ہیں لیکن پھر بھی آپ ایک مختلف فیصلہ کرنے کے اہل ہو سکتے ہیں۔

صلاحیت **وقت سے بھی مخصوص** ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ ایک وقت میں کوئی خاص فیصلہ کرنے کے اہل ہو سکتے ہیں، اور دوسرے وقت میں نہیں۔

اگرچہ آپ ہر وقت علاج کے سارے
فیصلے کرنے کے اہل نہیں ہیں،
لیکن تب بھی آپ وہ فیصلے کرنے
کے حقدار ہیں جو آپ کرنے کے اہل
ہیں جب بھی آپ ان کو کرنے کے
اہل ہوں۔

# میں نے مختار نامہ برائے ذاتی نگہداشت کی دستاویز تیار کی ہے۔ کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ میں اب اپنے ذاتی علاج کے فیصلے نہیں کر سکتا ہوں؟

نہیں۔

مختارنامہ برائے ذاتی نگہداشت پر دستخط کرتے وقت آپ نے انتخاب کیا تھا کہ اگر آپ نااہل ہو جاتے ہیں تو آپ کسے چاہتے ہیں کہ وہ آپ کی طرف سے علاج کے فیصلے کرے۔

مختارنامہ برائے ذاتی نگہداشت پر دستخط کرنے سے آپ نااہل نہیں ہو جاتے ہیں، اور آپ جس شخص کا نام دیتے ہیں اسے یہ آپ کی طرف سے علاج کا فیصلہ کرنے کا خودکار طریقے سے حق نہیں دیتا ہے۔

# جب میں نااہل ہو جاؤں تو میرے علاج کے فیصلے کون کرے گا؟

*صحت کی نگہداشت کی رضامندی کا قانون* لوگوں کی ایک فہرست پر مشتمل ہے جن کی جانب آپ کی نگہداشت صحت کے فراہم کنندگان رجوع کریں گے:

1. سرپرست
2. مختار نامہ برائے ذاتی نگہداشت
3. نمائندہ
4. شریک حیات یا پارٹنر
5. بچہ یا والدین
6. صرف رسائی کے حق کے حامل والدین
7. کوئی دوسرا رشتہ دار
8. عوامی سرپرست یا ٹرسٹی

اس فہرست میں سب سے پہلے فرد یا افراد اس وقت تک آپ کے "متبادل فیصلہ ساز" ہوں گے، جب تک کہ وہ فیصلہ کرنے کے لیے اہل، راضی، اور دستیاب ہوں۔

# میں چاہتا ہوں کہ کوئی خاص شخص میرے لیے علاج کے فیصلے کرے اگر میں نااہل ہو جاؤں۔ میں کیا کر سکتا ہوں؟

آپ مختار نامہ برائے ذاتی نگہداشت کے دستاویز کو مکمل کرکے کسی خاص فرد یا خاص افراد کا نام دے سکتے ہیں۔



# اگر میں کوئی ایسا علاج حاصل کر رہا ہوں جسے میں نہیں چاہتا ہوں تو میں کیا کر سکتا ہوں؟

اپنے نرس یا معالج سے بات کریں۔

یہ ممکن ہے کہ جب آپ نااہل رہے ہوں تو کسی اور شخص (آپ کے "متبادل فیصلہ ساز") نے اس علاج کے لیے رضامندی دی ہو۔ اگر آپ اب اہل ہیں تو آپ کو انتخاب کرنے کا حق ہے کہ آیا آپ اس علاج کو جاری رکھنا چاہتے ہیں یا اسے مسترد کرنا چاہتے ہیں۔

یہ بھی ممکن ہے کہ آپ علاج سے متعلق مزید معلومات سے فائدہ اٹھائیں۔ آپ کی نرس یا معالج آپ کو یہ معلومات فراہم کر سکتے ہیں۔

# میں جانتا ہوں کہ مستقبل میں مجھے کن علاج کی خواہش ہوگی (یا نہیں ہوگی)۔ میں کیا کر سکتا ہوں؟

آپ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے اپنے متبادل فیصلہ ساز (فیصلہ سازوں) سے بات کر سکتے ہیں کہ وہ آپ کی خواہشات کو جانتے اور سمجھتے ہیں۔ اگر کوئی صورتحال پیدا ہوتی ہے اور اس پر آپ کی خواہش کا اطلاق ہوتا ہے، تو آپ کے متبادل فیصلہ ساز (فیصلہ سازوں) پر علاج کا ایسا فیصلہ کرنا لازم ہوگا جو اس خواہش کے مطابق ہو (جب تک ایسا کرنا ممکن ہو)۔

اپنے متبادل فیصلہ ساز (فیصلہ سازوں) سے بات کرنے کے علاوہ آپ اپنی خواہشات کو تحریری طور پر بھی رکھ سکتے ہیں۔



# میں نہیں جانتا ہوں کہ مستقبل میں مجھے کن علاج کی خواہش ہوگی یا نہیں ہوگی۔ میں کیا کر سکتا ہوں؟

اپنے متبادل فیصلہ ساز (فیصلہ سازوں) سے اپنی اقدار اور عقائد کے بارے میں بات کریں۔ اگر آپ کے متبادل فیصلہ ساز (فیصلہ سازوں) سے آپ کے لیے فیصلہ کرنے کے لیے کہا جاتا ہے اور اگر وہ اس خواہش کو نہیں جانتے ہیں جو صورتحال پر لاگو ہوتی ہے، تو ان پر ایسا فیصلہ کرنا لازم ہے جو آپ کے "بہترین مفادات" میں ہو۔ آپ کے بہترین مفادات کیا ہیں اس کا تعین کرنے کے لیے آپ کے متبادل فیصلہ سازوں کو (دیگر چیزوں کے ساتھ ساتھ) آپ کے اقدار اور عقائد پر غور کرنا ہوگا۔

اپنے متبادل فیصلہ ساز (فیصلہ سازوں) سے بات کرنے کے علاوہ آپ اپنے اقدار اور عقائد کو تحریری طور پر بھی رکھ سکتے ہیں، اور/یا کہہ سکتے ہیں کہ وہ آپ کی صحت کے ریکارڈ میں درج کی جائیں۔

# ذہن میں رکھنے کی چیزیں:

- کوئی فرد علاج کا فیصلہ کرنے کا اہل اس وقت سمجھا جاتا ہے اگر اس میں یہ **دونوں** چیزیں ہوں (1) فیصلے سے متعلق معلومات کو سمجھنے کی صلاحیت، **اور** (2) یہ اندازہ کرنے کی صلاحیت کہ فیصلے کے کیا اثرات مرتب ہوں گے۔

- اگر آپ پریقین نہیں ہیں تو آپ اپنے معالج سے پوچھ سکتے ہیں کہ وہ کون سا علاج یا علاج کا منصوبہ تجویز کر رہا ہے۔

- متبادل فیصلہ ساز کو آپ کے علاج کے لیے صرف اس صورت میں فیصلہ کرنا چاہئے جب آپ کو یہ فیصلہ کرنے میں نااہل پایا گیا ہو۔

- آپ رضامندی اور صلاحیت کے بورڈ کے ذریعہ نااہلی کے نتیجے کے خلاف اپیل کر سکتے ہیں۔

- ایک فیصلہ کرنے میں نااہل ہونے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ کوئی اور فیصلہ، یا تمام فیصلے کرنے میں نااہل ہیں۔

- ایک وقت میں نااہل ہونے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ ہر وقت نااہل ہوں۔

- طویل مدتی نگہداشت کے گھر میں رہنے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ علاج سے متعلق اپنے فیصلے کرنے میں نااہل ہیں۔

- اگر آپ علاج سے متعلق فیصلہ کرنے کے اہل نہیں ہیں، تو فیصلہ آپ کے متبادل فیصلہ ساز کو پیش کیا جائے گا۔

- آپ مختار نامہ برائے ذاتی نگہداشت بنا کر اپنا ذاتی متبادل فیصلہ ساز منتخب کر سکتے ہیں۔

- اگر آپ جانتے ہیں کہ مستقبل میں آپ کو کن علاج کی خواہش ہوگی یا نہیں ہوگی، تو اپنے متبادل فیصلہ ساز (فیصلہ سازوں) کو بتائیں۔

- اپنے متبادل فیصلہ ساز (فیصلہ سازوں) کے ساتھ اپنے اقدار اور عقائد کا اشتراک کریں۔ آپ کے متبادل فیصلہ سازوں کو آپ کے اقدار اور عقائد پر غور کرنا ہوگا اگر انہیں آپ کے "بہترین مفادات" کو زیر غور لانا ہے۔

# مزید معلومات کے لیے:

**PoET پروجیکٹ ویب سائٹ**
www.poetproject.ca

**اونٹاریو کا رضامندی اور صلاحیت کا بورڈ**
www.ccboard.on.ca
(416) 4142-327

**وزارت برائے طویل مدتی نگہداشت**
www.ontario.ca/page/ministry-long-term-care
1153-268-800-1

**بزرگ افراد کے لیے مرکز برائے وکالت**
advocacycentreelderly.org
2656-598-855-1

**اونٹاریو میں آواز اٹھائیں**
www.speakupontario.ca



P o E T

Prevention of Error-based Transfers

www.poetproject.ca